امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم الله الرحمن الرحيم

## درس:۲

## حرکات ثلاثہ

قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: فَضْلُ اَلْقُرْآنِ عَلَى سَائِرِ اَلْكَلاَمِ كَفَضْلِ اَللَّهِ عَلَى خَلْقِهِ.

قرآن کی فضیلت دوسری باتوں پر ایسی ہے جیسے اللہ کی فضیلت دوسری مخلوقات پر۔(جامع الأخبار ج ۱ ص ۴۰)

- عربی حروف تہجی میں تین اہم نکات:
  - حروف تہجی کی شکل
  - حروف تہجی کے نام
  - حروف تہجی کا تلفظ

عربی اور اردو زبان کے حروف تہجی کے نام:

| # | حروف | عربی نام | اردو نام | # | حروف | عربی نام | اردو نام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ء/ا | همزه/ الف | ہمزہ/الف | ۱۵ | ض | ضاد | ضواد |
| ۲ | ب | باء | بے | ۱۶ | ط | طاء | طُئے |
| ۳ | ت | تاء | تے | ۱۷ | ظ | ظاء | ظُئے |
| ۴ | ث | ثاء | ثے | ۱۸ | ع | عين | |
| ۵ | ج | جيم | | ۱۹ | غ | غين | |
| ۶ | ح | حاء | حے | ۲۰ | ف | فاء | فے |
| ۷ | خ | خاء | خے | ۲۱ | ق | قاف | |
| ۸ | د | دال | | ۲۲ | ک | كاف | |
| ۹ | ذ | ذال | | ۲۳ | ل | لام | |
| ۱۰ | ر | راء | رِے | ۲۴ | م | ميم | |
| ۱۱ | ز | زاء | زِے | ۲۵ | ن | نون | |
| ۱۲ | س | سين | | ۲۶ | و | واو | |
| ۱۳ | ش | شين | | ۲۷ | ھ | هاء | ھے |

ImamSadiq.tv

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یے | یاء | ی | ۲۸ | صواد | صاد | ص | ۱۴ |

- حرکات ثلاثہ: یعنی تین حرکتیں
  - حرکات جمع ہے حرکت کی اور ثلاثہ کا مطلب ہے تین۔
  - حرکت کا مطلب ہے کسی چیز کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
- تین حرکتیں:
  - زبر = بَ
  - ۲) زیر = بِ
  - پیش = بُ
  - وجہ تسمیہ: جب حرکت کسی حرف پر آتی ہے تو انہیں ادا کرتے وقت ہونٹ اور زبان حرکت میں آجاتے ہیں۔

    مثلا: بَ، تَ، ثَ
  - جس حرف پر حرکت آتی ہے اس حرف کو متحرک کہتے ہیں۔
- سکون
  - حرکت کے مقابلہ میں حالت سکون آتا ہے۔ مثلا: أَبْ
  - سکون ہونے کی صورت میں حرف کو ادا کرتے وقت زبان وغیرہ حرکت نہیں کرتی اس لئے اس علامت کو سکون کہتے ہیں۔ مثلا: أَمْ ، اِمْ ، اُمْ
  - جس حرف پر علامت سکون آجائے اسکو ساکن کہتے ہیں۔
- حرکات ثلاثہ کے عربی نام
  - زَبر = فَتحہ
  - زِیر = کَسْرہ
  - پیْش = ضَمّہ
- متحرک حروف کے نام:
  - جس حرف متحرک پر فتحہ ہو اسے مفتوح کہتے ہیں : نَصَرَ
  - جس حرف متحرک پر کسرہ ہو اسے مکسور کہتے ہیں: لِلّٰہِ
  - جس حرف متحرک پر ضمہ ہو اسے مضموم کہتے ہیں : کُتُبُ

ImamSadiq.tv